انسانی وسائل کی تیاری کیلئے تلنگانہ میں جاپانی زبان کی تعلیم دی جائیگی: سی ایم

حیدرآباد۔10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) وزیراعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت کے اقدامات اور پالیسیوں کی پورے ملک میں پذیرائی ہورہی ہے۔ سماجی انصاف سمیت دیگر شعبوں میں تلنگانہ ماڈل کو مرکزی حکومت بھی اختیار پر مجبور ہوچکی ہے۔ انگریزی روزنامہ دی ہندو کی جانب سے منعقدہ دی ہندو ہڈل پروگرام میں ریونت ریڈی نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ شرکت کی اور کئی سوالات کے تفصیلی جوابات دیئے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کے ممالک ون پلس ون حکمتِ عملی کے تحت متبادل سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کررہے ہیں اور اس موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے حکومت نے کئی اقدامات شروع کئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ فلاحی اسکیموں کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جارہا ہے۔ بدلتے حالات کے پیش نظر حکومت تعلیم، روزگار، بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، اور اس ضمن میں کئی منفرد منصوبے شروع کئے گئے ہیں تاکہ تلنگانہ دنیا کے ترقی یافتہ شہروں کا مقابلہ کرسکے۔ نٹ زیرو سیکیلئے منصوبہ بندی مکمل ہوچکی ہے، اور ملک کے پہلے فیوچر سٹی کی بھی تعمیر عمل میں آرہی ہے۔ ریاست میں الکٹرک گاڑیوں پر ٹیکس معاف کیا گیا ہے۔ 360 کلومیٹر طویل ریجنل رنگ روڈ کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ریاست کو صنعتی طور پر ترقی دینے کی تیاری مکمل کی گئی ہے۔ رنگ روڈ کے اندرونی حصوں میں صنعتی پارکس، آئی ٹی، الکٹرک گاڑیوں، آٹوموبائل اور دیگر صنعتوں کو فروغ دینے کے لئے بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ڈرائی پورٹ کی تعمیر سمیت کئی منصوبے طے کئے گئے ہیں۔ ریاست نے اب تک دو لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے، جو ریاستی معیشت کو مضبوط بنائے گی۔ حکومت مؤثر منصوبہ بندی کے تحت سرمایہ کاری کو راغب کرنے، صنعتوں اور آئی ٹی کمپنیوں کو فروغ دینے کوشاں ہے۔ حالیہ جاپان دورہ کے دوران حاصل ہونے والی معلومات کی بنیاد پر حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ریاست میں جاپانی زبان کی تعلیم دی جائے گی تاکہ وہاں درکار انسانی وسائل تیار کئے جاسکیں۔ ریاست میں کئے گئے سماجی، اقتصادی، تعلیمی، روزگار اور سیاسی سروے کو ملک بھر کے لئے ماڈل قرار دیا جارہا ہے۔ یہ سروے صرف پسماندہ طبقات ہی نہیں بلکہ بی سی، ایس ٹی، ایس سی، اقلیتوں اور ای ڈبلیو ایس طبقات کے عوام کے لئے مفید ہے۔ سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق تلنگانہ نے پہل کی ہے اور مرکزی حکومت کو بھی تلنگانہ ماڈل کو اپنانا چاہیے۔ ریاست کے مختلف اقامتی اسکولوں میں انفرادی طور پر جاری تعلیم کو مربوط کرتے ہوئے بچوں میں سماجی ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ینگ انڈیا ریسیڈینشل اسکولس کا قیام حکومت کا ایک اہم فیصلہ ہے۔ اقتدار کے پہلے سال میں ہی 25 لاکھ کسانوں کے 21,617 کروڑ روپے کے قرضہ جات معاف کئے گئے ہیں۔ کسانوں کو ہر سال 12 ہزار روپے بطور ان پٹ سبسڈی دی جارہی ہے اور 24 گھنٹے مفت بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ تلنگانہ ملک میں سب سے زیادہ دھان پیدا کرنے والی ریاست ہے، جہاں اعلیٰ ترین امدادی قیمت کے ساتھ فی کوئنٹل 500 روپے بونس بھی دیا جارہا ہے۔ 67 لاکھ سیلف ہیلپ گروپس کو 1,000 میگاواٹ سولار پروڈکشن کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ اسکولوں کا انتظام، یونیفارم کی فراہمی وغیرہ کی ذمہ داری بھی ان خواتین کو سونپی گئی ہے۔ آر ٹی سی میں خواتین کے لئے مفت بس سروس مہیا کی گئی ہے۔ اقتدار کے پہلے سال میں ہی 59,000 سے زائد سرکاری ملازمتیں دی گئی ہیں۔ بے روزگار نوجوانوں کو ترجیح دیتے ہوئے کئی فیصلے کئے گئے ہیں۔ اسکل یونیورسٹی، اسپورٹس یونیورسٹی اور ٹاٹا ٹکنالوجیز کے تعاون سے ریاست کے 105 آئی ٹی آئیز کو اے ٹی سیز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ لوک سبھا کے حلقوں کی ازسرنو حد بندی کے خلاف ہم نہیں ہیں لیکن مرکزی حکومت کو پہلے تمام پارٹیوں سے مشورہ کرکے اس کا طریقہ کار واضح کرنا ہوگا۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ تمام ریاستوں کے ساتھ مساوی سلوک ہو، اور ترقی کررہی ریاستوں کو سزا نہ دی جائے۔ یہ ایک سماجی وسیاسی انصاف کا معاملہ ہے، اس پر بحث ہونی چاہیے۔

آپریشن سندور کے اثرات آپریشن کگار پر سی آر پی ایف دستوں کی واپس طلبی

حیدرآباد۔10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سرحدی علاقوں میں کشیدگی بدستور جاری ہے۔ آپریشن سندور کے اثرات آپریشن کگار پر بھی دیکھے جارہے ہیں کیونکہ تلنگانہ۔ چھتیس گڑھ کی سرحد پر واقع کرے گدہ سے سی آر پی ایف کے دستوں کو مرحلہ وار واپس طلب کیا جارہا ہے۔ حکام کے مطابق مختلف علاقوں سے فورسس کو ہٹایا جارہا ہے۔ عہدیداروں کو ہیڈ کوارٹرس پہنچنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ توقع ہے کہ پیر دنے اتوار کی صبح تک مکمل طور پر ان علاقوں سے واپس آجائیں گے۔ دوسری طرف چھتیس گڑھ کے محاذ پر آپریشن کگار معمول کے مطابق جاری رہے گا۔ سکیورٹی ایجنسیاں حالات پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں اور ضرورت کے مطابق آئندہ کے اقدامات کئے جائیں گے۔

پرانے شہر میں غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف کارروائی کا مطالبہ: راجہ سنگھ

حیدرآباد۔10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) گوشہ محل اسمبلی حلقہ سے بی جے پی کے رکن اسمبلی راجہ سنگھ نے چیف منسٹر تلنگانہ ریونت ریڈی کو ایک تحریری نمائندگی پیش کی ہے، جس میں انہوں نے حیدرآباد کے شہر علاقوں میں بغیر درست دستاویزات کے رہنے والے غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ راجہ سنگھ نے زور دے کر کہا کہ حکومت کو ان افراد کی شناخت کرنی چاہیے جو غیر قانونی طور پر پرانی شہر کے مختلف علاقوں میں مقیم ہیں اور ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جانی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے کو نظر انداز کرنا ریاست کی سلامتی اور عوامی امن وامان کیلئے خطرہ بن سکتا ہے۔ ایم ایل اے نے چیف منسٹر سے گزارش کی کہ وہ متعلقہ محکموں کو ہدایت دیں کہ وہ فوری طور پر ان غیر قانونی تارکین وطن کی نشاندہی کریں۔

تلنگانہ: ایس ایل بی سی سرنگ میں جیوفزیکل معائنوں کے بعد ہی آئندہ اقدامات

حیدرآباد۔10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کی ایس ایل بی سی اسٹلٹ سرنگ کے منہدم ہونے کے واقعہ میں کئی مزدور ہلاک ہوگئے تھے کے معاملے پر ماہرین کی ڈیلی کمیٹی نے کہا ہے کہ امدادی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ آئندہ تمام تعمیراتی کام جیوفزیکل معائنوں کے بعد ہی انجام دیے جائیں۔ سرنگ کی 30 میٹر اونچائی اور 20 میٹر لمبائی پر مشتمل معائنہ مکمل کیا جائے گا، جس کی بنیاد پر مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ یہ معائنہ این جی آر آئی کی قیادت میں دو سے تین ماہ میں مکمل ہوگا۔ راک مکینکس ماہرین نے مشورہ دیا کہ خطرناک علاقہ میں موجود ملبہ اور پتھروں کو ایک ہی سمت سے نہیں بلکہ مختلف سمتوں سے بتدریج ہٹایا جائے۔ ماہرین نے ٹی بی ایم کے ساتھ روایتی ڈرلنگ، بلاسٹنگ اور ڈی بی ایم طریقہ اختیار کرنے کا بھی مشورہ دیا ہے۔ اجلاس میں یہ بھی رائے سامنے آئی کہ سرنگ کے اوپر شاف پوائنٹ کے قیام کے لیے جنگلاتی علاقہ کی وجہ سے مرکزی حکومت کی اجازت ممکنہ طور پر نہ مل سکے۔

32 ہوائی اڈوں پر شہری پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل

نئی دہلی، 10 مئی (ہ س)۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جاری کشیدگی کے پیش نظر ائیر پورٹس اتھارٹی آف انڈیا (اے اے آئی) نے شمالی اور مغربی علاقوں کے 32 ہوائی اڈوں پر سول فلائٹ آپریشن کو عارضی طور پر معطل کردیا ہے۔ اس کے علاوہ، نئی دہلی اور ممبئی فلائٹ انفارمیشن ریجنز (ایف آئی آر) کے اندر ایئر ٹریفک سروس (اے ٹی ایس) روٹس کے 25 حصوں کے عارضی طور پر بند رہنے کی مدت میں توسیع کردی گئی ہے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے ہفتے کے روز ایک بیان میں کہا کہ اے اے آئی نے شمالی اور مغربی علاقوں کے 32 ہوائی اڈوں پر شہری پروازوں کے آپریشن کو عارضی طور پر معطل کردیا ہے۔ ان ہوائی اڈوں پر تمام سول پروازیں آپریشنل وجوہات کی بنا پر 9 سے 14 مئی 2025 تک (15 مئی 2025 کو 0529 آئی ایس ٹی کے مطابق) معطل رہیں گی۔ اس کے علاوہ، اے اے آئی نے دہلی اور ممبئی فلائٹ انفارمیشن ریجن کے اندر ہوائی ٹریفک سروس روٹس کے 25 حصوں کو عارضی طور پر بند کردیا ہے۔ یہ 25 روٹ سیکشنز زمینی سطح سے لامحدود اونچائی تک دستیاب نہیں ہوں گے۔ ملک کے جن 32 ہوائی اڈوں کو تمام قسم کے شہری پروازوں کے لیے عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے، ان میں ادھم پور، امبالہ، امرتسر، اونتی پور، بھٹنڈہ، بھج، بیکانیر، چنڈی گڑھ، جلوارہ، ہنڈن، جیسلمیر، جموں، جام نگر، جودھپور، کانڈلا، کانگڑا، کیشود، کشن گڑھ، کلو-منالی، لیہ، لدھیانہ، مندرا، علیہ، پٹھان کوٹ، پٹیالہ، پوربندر، راجکوٹ، سرساوا، شملہ، سری نگر، تھوائس اور اترلائی شامل ہیں۔ وزارت نے کہا کہ ان ہوائی اڈوں پر تمام سول فلائٹ آپریشن اس مدت کے دوران معطل رہیں گے۔ ساتھ ہی، ایئر لائنز اور فلائٹ آپریٹرز کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ موجودہ ایئر ٹریفک ایڈوائزری کے مطابق متبادل روٹنگ کی منصوبہ بندی کریں۔ نیز، حفاظت کو یقینی بنانے اور خلل کو کم سے کم کرنے کے لیے متعلقہ اے ٹی سی یونٹوں کے ساتھ مل کر عارضی بندش کا انتظام کیا جارہا ہے۔

جناب اعجاز علی کی دختر نیک اختر اور حجۃ الاسلام مولانا محمد علی اعجانی کے برادر نسبتی سلمان حسین (زوار) کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر آفرین پیالیس دیر پورہ میں لی گئی تصویر میں حجۃ الاسلام مولانا سید فتح مختار صاحب، جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی کے علاوہ دیگر دیکھے جاسکتے ہیں۔

پاکستان کی حمایت میں تبصرہ کرنے پر 3 رافراد گرفتار

گوہاٹی، 10 مئی (ہ س)۔ پاکستان کی حمایت میں تبصرے کرنے والے ملک کے اندر دشمنوں کے خلاف آسام پولیس کے ذریعہ چلائی جارہی مہم کے تحت ایک بات پھر سے تین افراد کو گرفتار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر ہیمنت بسوا سرما نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کچھار پولیس نے نسیم الدین لسکر کو گرفتار کیا ہے، دھوبڑی پولیس نے عارف رحمٰن اور ابو بن معراج الدین ایس کے کو گرفتار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ان تینوں گرفتاریوں کے ساتھ اب تک اس مہم میں گرفتار کئے گئے قداروں کی تعداد 48 ہوگئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسام پولیس کی یہ مہم مستقبل میں بھی سختی سے جاری رہے گی۔

آپریشن سندور سے اظہار یگانگت میں مخدوم بھون سے جلوس

جموں کے شہری علاقوں میں پاکستانی شیلنگ سے تباہی

جموں 10 , مئی (ہ س)۔ جموں اور گردونواح کے علاقوں میں ہفتہ کی صبح اچانک زوردار دھماکوں اور سائرن کی آوازوں سے خوف وہراس کی فضا قائم ہوگئی۔ حکام کے مطابق، یہ آوازیں سرحد پار سے پاکستان کی جانب سے ہونے والے مشتبہ ڈرون حملوں کی تازہ لہر کا نتیجہ تھیں۔ اطلاعات کے مطابق راجوری، پونچھ اور جموں کے اکھنور سیکٹر میں شدید توپ خانے اور مارٹر شیلنگ کی گئی، جبکہ جموں اور اودھم پور میں صبح قریب پانچ بجے زوردار دھماکوں کی گونج سنائی دی، جس کے بعد لوگوں میں شدید تشویش پھیل گئی۔ دفاعی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جمعہ کی شب پاکستان سے بھیجے گئے مشتبہ ڈرونز کو ملک کے 26 مختلف مقامات پر دیکھا گیا، جن میں جموں وکشمیر کے بارہمولہ، سری نگر، اونتی پورہ، نگروٹہ اور جموں، پنجاب کے فیروزپور، پٹھان کوٹ، فاضلکہ، راجستھان کے لال گڑھ جٹا، جیسلمیر، بریمیر اور گجرات کے بھج، کوار بیٹ، لاکھی نالا شامل ہیں۔ حکام کے مطابق یہ مشتبہ ڈرونز ممکنہ طور پر مسلح تھے اور شہری وفوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ یہ پیش رفت ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بھارتی مسلح افواج نے جمعرات کو پاکستان اور مقبوضہ کشمیر میں نو دہشت گرد ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے کامیاب جوابی کارروائی کی۔ یہ حملہ 22 اپریل کو پہلگام میں ہونے والی دہشت گردی کے ردعمل میں کیا گیا تھا، جس میں 26 افراد، جن میں اکثریت سیاحوں کی تھی، جاں بحق ہوئے تھے۔ دریں اثنا، جمعہ کی رات بھر جموں کے مختلف سرحدی علاقوں میں وقفے وقفے سے شدید گولہ باری جاری رہی۔ توپوں کے گولے راجوری، پونچھ، سرکوٹ اور نوشہرہ کے علاقوں پر گرے، جس سے صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی ہے۔

پاکستانی خطرے کے پیش نظر ماہی گیروں کو حساس مقامات سے دور رہنے کا مشورہ

ممبئی، 10 مئی (ہ س) بھارت-پاکستان کشیدگی میں شدت آنے کے ساتھ ہی ممبئی کے ساحلی علاقے مکمل طور پر ہائی الرٹ پر آگئے ہیں۔ ریاستی ماہی گیری محکمہ نے ماہی گیروں کو انتباہ جاری کیا ہے کہ وہ 877.97 کلومیٹر لمبی مہاراشٹر کی ساحلی پٹی میں آئل رگ اور آف شور دفاعی علاقوں کے آس پاس مچھلی پکڑنے سے سختی سے گریز کریں۔ ہندوستانی بحریہ نے سیکورٹی خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے ریاستی محکمہ ماہی گیری، کوسٹل پولیس، سی آئی ایس ایف اور کوسٹ گارڈ کے ساتھ ایک خصوصی میٹنگ کی، جس میں ماہی گیروں کو حساس مقامات سے دور رہنے کا مشورہ دیا گیا۔ میٹنگ میں فیصلہ ہوا کہ ممنوعہ علاقوں میں داخل ہونے والی کشتیوں کو فائرنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایک اعلیٰ سرکاری افسر نے بتایا کہ یہ فیصلہ مکمل سیکورٹی تال میل کے ساتھ لیا گیا ہے۔ 26/11 کے دہشت گردانہ حملوں کے بعد، جب ممبئی میں داخل ہونے والے 10 دہشت گردوں نے ایک ماہی گیری کشتی کو ہائی جیک کیا تھا، اس کے بعد سے کشتیوں کا جی پی ایس معائنہ اور سروے لازم قرار دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی مشکوک نقل وحرکت کو روکا جاسکے۔ حکام نے خفیہ اطلاع شیئر کی ہے کہ پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی نے گجرات کی ماہی گیری کشتیوں کو اونچے سمندر میں پکڑ کر ان کے ماہی گیروں کو ایک ہی ٹرالر میں چھوڑ دیا۔ خدشہ ہے کہ ان میں سے ایک کشتی کو ممبئی یا ملحقہ علاقوں پر راکٹ لانچرز کے ذریعے حملے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اسی خطرے کے پیش نظر ہندوستانی بحریہ اور ساحلی پولیس نے ماہی گیروں سے درخواست کی ہے کہ وہ بحیرہ عرب میں مشکوک حرکات اور جہازوں کی نقل وحرکت پر گہری نظر رکھیں اور کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں فوراً سیکیورٹی اداروں کو الرٹ کریں۔ ایک پولیس افسر نے بتایا کہ تمام متعلقہ اداروں، پولیس، کوسٹ گارڈ، بحریہ اور ساحلی پولیس کے ساتھ حقیقی وقت کی اطلاعات کا تبادلہ جاری ہے تاکہ ملے شدہ (ایس او پی) کے مطابق ہر خطرے کا فوری اور مؤثر جواب دیا جاسکے۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ماہی گیروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ اگر وہ کسی مشکوک کشتی کو دیکھیں تو فوری اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی کی جاسکے۔ ادھر وزیراعلیٰ دیوبندر فڈنویس نے ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے پولیس، بحریہ اور کوسٹ گارڈ کے ساتھ ریاست کی داخلی سیکیورٹی کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ "ہم جنگی رہنمائی کے مطابق ہر ضروری اقدام کررہے ہیں، ریاست پوری طرح چوکسی پر ہے۔"

کیئر ایجنک نے تمام میعاد کے لیے ایم سی ایل آر کی شرحوں میں 0.10 فیصد کی کمی کی

نئی دہلی، 10 مئی (ہ س)۔ عوامی شعبے کے کیئر ایجنک نے زیادہ تر مدتوں کے لیے اپنی معمولی لاگت پر مبنی قرض دینے کی شرح (ایم سی ایل آر) میں 0.10 فیصد کمی کی ہے۔ اس کمی کے بعد قرضے سستے ہوجائیں گے۔ نئی قیمتوں کا اطلاق 12 مئی سے ہوگا۔ کیئر ایجنک نے شیئر مارکیٹ کو بتایا کہ ایم سی ایل آر میں 0.10 فیصد کی کمی کی گئی ہے۔ اس تخفیف کے بعد ایک سال کی مدت کے لیے موجودہ ایم سی ایل آر شرح 9.10 فیصد سے کم ہوکر 9 فیصد ہوجائے گی۔ بینک نے کہا کہ اس کا نیا مارجنل ایم سی ایل آر 12 مئی سے نافذ العمل ہوگا۔ بینک کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک ماہ، تین ماہ اور چھ ماہ کی مدت کے لیے شرح سود 8.25 سے 8.80 فیصد کے درمیان ہوگی۔ اس کے علاوہ ایک دن کی مدت کے لیے ایم سی ایل آر 8.30 فیصد کے بجائے 8.20 فیصد ہوگا۔ بینچ مارک ایم سی ایل آر کا استعمال زیادہ تر صارفین کے قرضوں جیسے گاڑی اور ذاتی قرضوں کی شرح کا تعین کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

امریکہ کی مداخلت کے بعد ہندوستان کے ساتھ پاکستان نے مذاکرات کی امید ظاہر کی

نئی دہلی، 10 مئی (ہ س)۔ امریکی وزیر خارجہ نے آج ہندوستان کے وزیر خارجہ، پاکستانی آرمی چیف اور ان کے وزیر خارجہ سے بات چیت کی۔ اس گفتگو کے بعد دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں کمی کا امکان بڑھ گیا ہے۔ کل رات ہندوستان اور پاکستان، دونوں کی جانب سے فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کے بعد پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے آج ایک پاکستانی ٹی وی چینل سے بات چیت میں اس امید کا اظہار کیا ہے۔ ڈار نے کہا کہ حالیہ سفارتی سرگرمیاں ہندوستان کے ساتھ مذاکرات کی راہیں کھول سکتی ہیں۔ ڈار نے کہا: "ہندوستان کو رک جانا چاہیے، ... اگر وہ رکے گا تو ہم بھی رکیں گے۔ ہم تباہی اور وسائل کا ضیاع نہیں چاہتے"۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نیت امن کی ہے۔ دونوں ممالک کی معیشتیں مختلف ہیں اور جنگ کسی کے مفاد میں نہیں۔ اس بیان پر بھارت کی جانب سے ابھی تک کوئی سرکاری ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ تاہم آج سکریٹری خارجہ نے پریس کانفرنس میں کہا کہ ہندوستانی فوج کشیدگی میں اضافہ نہیں چاہتی بشرطیکہ پاکستان بھی ایسا کرے۔ امریکی وزیر خارجہ سے بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا تھا کہ ہندوستان کا رویہ ہمیشہ متوازن اور ذمہ دارانہ رہا ہے اور آج بھی ایسا ہی ہے۔ بھارت پہلے ہی واضح کرچکا ہے کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز کارروائی کو نظر انداز نہیں کرے گا اور ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔

ممبئی ایئرپورٹ پر سونے کی اسمگلنگ، 57 لاکھ کا سونا ضبط

ممبئی، 10 مئی (ہ س)۔ ممبئی کے چھترپتی شواجی مہاراج انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سونے کی اسمگلنگ کا سنڈیکیٹ بے نقاب ہوا ہے جس میں سنٹرل انڈسٹریل سیکورٹی فورس (سی آئی ایس ایف) کے ایک اہلکار سمیت بائیکلہ کے رہنے والے شخص کی شمولیت سامنے آئی ہے۔ کسٹمز کے ایئر انٹیلی جنس یونٹ نے کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 57.34 لاکھ روپے مالیت کا 630 گرام سونا برآمد کرکے دونوں ملزمین کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق، 7 اور 8 مئی 2025 کی درمیانی شب ایم آر انچ انصاری کو خفیہ اطلاع کی بنیاد پر ایئرپورٹ کے P3 ویسٹ سائڈ پارکنگ ایریا میں روکا گیا۔ ابتدائی پوچھ گچھ میں اس نے انکشاف کیا کہ اسے سونے کا پیکٹ سی آئی ایس ایف کے اہلکار اے ڈھلے سے ملا تھا تاکہ وہ اسے ہوائی اڈے کے باہر پہنچا سکے۔

شاجاپور میں خوفناک سڑک حادثہ ڈمپر سے ٹکر کے بعد بس 30 فٹ گہری کھائی میں گری

شاجاپور، 10 مئی (ہ س)۔ مدھیہ پردیش کے شاجاپور میں جمعہ کی دیر رات ایک خوفناک سڑک حادثہ پیش آیا۔ یہاں آگرہ ممبئی نیشنل ہائی وے نمبر 52 پر ایک ڈمپر اور مسافر بس کی زوردار ٹکر ہوگئی۔ ٹکر کے بعد بس سڑک کنارے کھائی میں جاگری۔ حادثے میں تین افراد کی موت ہوگئی، جب کہ 18 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ زخمیوں کو ایمبولینس اور دیگر گاڑیوں کی مدد سے ڈسٹرکٹ اسپتال شاجاپور بھیجا گیا ہے۔ ان میں سے بعض کی حالت تشویشناک ہے۔ معلومات کے مطابق جمعہ کو کملا ٹریولس کی بس اندور سے گنا جارہی تھی۔ تقریباً 2 بجے شاجاپور سے 28 کلومیٹر دور مکسی بائی پاس پر سیرولیا پل کے قریب ایک بس ایک ڈمپر سے ٹکرا گئی۔ تصادم کے بعد بس 30 فٹ گہری کھائی میں گرگئی۔ حادثے میں بس ڈرائیور گلاب سنگھ ساکن گنا، مسافر امن چورسیا (24) ولد وٹل چورسیا ساکن مہو اور ڈمپر ڈرائیور کی موت ہوگئی۔ ڈمپر ڈرائیور کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایس پی یشپال سنگھ راجپوت، ایڈیشنل ایس پی ٹی ایس بھلیل، مکسی تھانے کے ٹی آئی بھیم سنگھ پٹیل پولیس فورس کے ساتھ موقع پر پہنچے۔ بس ڈرائیور گلاب سنگھ کی لاش کو کرین کی مدد سے باہر نکالا گیا۔

مختلف علاقوں میں بارش

حیدرآباد۔ 10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے کئی علاقوں میں جمعہ کی شام شدید بارش ہوئی۔ بیگم پیٹ، سکندرآباد، پیرا ڈائز، نارائن گوڑہ، ہمایوں نگر، مشیرآباد، تارنا کہ، پرانا شہر، عنبر پیٹ، رامنتا پور اور اپل سمیت کئی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ریکارڈ کی گئی۔ جی ایچ ایم سی حکام نے نشیبی علاقوں میں رہنے والوں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔ دوسری جانب کریم نگر، نظام آباد اضلاع میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش دیکھی گئی۔

دلسکھ نگر میٹرو اسٹیشن پر پاکستان کے جھنڈے کو عوام نے روندا

حیدرآباد۔ 10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران ملک بھر میں پاکستان کے خلاف احتجاجی مظاہرے جاری ہیں۔ اسی سلسلہ میں حیدرآباد کے دلسکھ نگر میٹرو اسٹیشن کے قریب ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ مقامی افراد نے سڑک کے بیچوں بیچ پاکستان کا جھنڈا بچھایا اور اس پر چلتے ہوئے پاکستان کے خلاف اپنا احتجاج درج کروایا۔ بچے بھی جھنڈے کو جوتوں سے روندتے ہوئے نظر آئے۔ اس واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس کی کافی ستائش کی جارہی ہے۔

شہر میں ممنوعہ کیمیکل سے آم پکانے والے گوداموں پر چھاپے، لاکھوں کے آم ضبط

حیدرآباد۔ 10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ساؤتھ زون ٹاسک فورس پولیس نے جی ایچ ایم سی کے فوڈ سیفٹی حکام کے ساتھ مل کر غیر قانونی طریقے سے آم پکانے والے گوداموں کے خلاف ایک خصوصی مہم چلائی۔ یہ کارروائی ملک پیٹ پولیس اسٹیشن کی حدود میں واقع سلیم نگر اور شالی واہانگر علاقوں میں انجام دی گئی۔ کارروائی کے دوران سلیم نگر میں تقریباً 60 ہزار روپے مالیت کے آم ضبط کیے گئے، جبکہ شالی واہانگر میں 3 لاکھ 50 ہزار روپے کے آم برآمد کیے گئے۔ مجموعی طور پر 4 لاکھ 10 ہزار روپے مالیت کے آم ضبط کر لیے گئے۔ پولیس اور فوڈ سیفٹی حکام کے مطابق، ان گوداموں میں آموں کو قدرتی طور پر 3 سے 4 دن میں پکانے کے بجائے صرف ایک دن میں پکانے کے لیے "کیلشیم کاربائیڈ" نامی ممنوعہ کیمیکل استعمال کیا جارہا تھا۔ یہ مادہ صحت کے لیے انتہائی مضر ہے اور اس کے استعمال سے جلد، پھیپھڑوں اور دیگر جسمانی نظاموں پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ کارروائی کے دوران دو تاجروں کو گرفتار کرلیا گیا اور ان کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے مزید تفتیش کے لیے کیس ملک پیٹ پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ تاجر محض ذاتی لالچ کی خاطر عوام کی صحت کو خطرے میں ڈال رہے تھے۔

گائیڈ کمیونٹیز، ریزیڈنشیل کالونیوں میں سیکورٹی میں اضافہ

حیدرآباد۔10رمئی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جاری کشیدگی اور وزارت داخلہ کی طرف سے جاری سیکورٹی الرٹ کے پیش نظر تلنگانہ کی گائیڈ کمیونٹیز اور ریزیڈنشیل کالونیوں میں سیکورٹی کے اقدامات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ کمیونٹی کامپلکس کے سیکورٹی منیجرس نے شہریوں سے تعاون کی درخواست کرتے ہوئے سیکورٹی گائیڈ لائنس پر عمل کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ تمام افراد کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ شہریوں کو مقامی کمیونٹی واٹس ایپ گروپوں میں گائیڈ لائنس کے بارے میں پیغامات موصول ہوئے۔ اطلاعات کے مطابق، شہر اور مضافاتی علاقوں میں تقریباً تمام کامپلکس کے رہائشی ان ہدایات پر سنجیدگی سے عمل کررہے ہیں۔ ایک اپ اسکیل گائیڈ کمیونٹی کے سیکورٹی ٹیم کی طرف سے جاری پیغام میں کہا گیا ملک کی سرحدوں پر موجودہ صورتحال اور حیدرآباد میں ممکنہ سیکیورٹی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہم اپنی کمیونٹی کی حفاظت کے لئے سیکورٹی کے اضافی پروٹوکولس لاگو کررہے ہیں۔ ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ نیچے دی گئی ہدایات پر فوری طور پر عمل کریں۔ حفاظتی تدابیر میں وزیٹرس اور دیگر کی گاڑیوں کی تلاشی، ویڈرس ویلیوری چیک، اور پٹرولنگ اور سی سی ٹی وی نگرانی میں اضافہ شامل ہے۔ سیکورٹی منیجرس نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ کسی بھی لاوارث سامان یا مشتبہ سرگرمی کی اطلاع فوراً دیں۔ ساہبرآباد میں کام کرنے والے ایک انسپکٹر نے کہا کہ داخلی خطرات اور موجودہ حالات میں دہشت گرد حملوں کے امکانات کے پیش نظر، ہم نے چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔ کالونی ایسوسی ایشنس میں سیکورٹی منیجرس کو چوکس رہنے اور سیکورٹی اقدامات بڑھانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ یہ مشورہ وزارت داخلہ کی طرف سے تمام ریاستوں کو بھیجی گئی ایڈوائزری کے تحت دیا گیا تھا۔ حیدرآباد، ساہبرآباد اور رچہ کونڈہ کے تین کمشنریٹ میں پولیس عوام میں اعتماد پیدا کرنے اور پولیس کی موجودگی بڑھانے کے لئے مختلف مقامات پر فٹ پٹرولنگ کررہی ہے۔

تلنگانہ اردو ورکنگ جرنلسٹس فیڈریشن کی جانب سے پریس کلب بشیر باغ پر اردو جرنلسٹ ایوارڈ فنکشن کا اہتمام کیا گیا جس میں مجلس اتحاد المسلمین کے صدر ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد بیرسٹر اسد الدین اویسی 'مشیر تلنگانہ حکومت وائس سی 'ایس ٹی 'او بی سی اور اقلیتی امور محمد علی شبیر نے مہمانان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ سینئر فوٹو جرنلسٹ محمد علیم الدین فرزند محمد سعید الدین بانی اسٹائل پریس فوٹو سروس کو ایم اے رحیم بہترین پریس فوٹو گرافی ایوارڈ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ممتاز ادیب فاروق انجم 'ساب